SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
April 13, 2021

کمپنیوں کی ڈیجیٹل سرٹیفائیڈ پروفائلز کا اجراء کر دیا گیا: ایس ای سی پی

اسلام آباد (اپریل 13) ڈیجیٹلائزیشن اور کاروباری آسانیوں کی فراہمی میں ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کی ڈجیٹل سرٹیفائیڈ پروفائلز (تصدیق شدہ نقول) کا اجراء کر دیا ہے۔ کمپنیوں کی تصدیق شدہ دستاویزات (Certified True Copies) اور مارگیج رجسٹرڈ (and mortgage register) کی تصدیق شدہ نقول اب آن لائن حاصل کی جاسکتی ہیں۔

کمپنیوں کی سرٹیفائیڈ پروفائلز کے ڈیجیٹل اجراء سے ریگولیٹری پراسیس کا عمل تیز ہو جائے گا اور نہایت کم وقت میں بغیر کسی دقت کسی بھی کمپنی کی تصدیق شدہ ڈیجیٹل پروفائل آسانی کے ساتھ آن لائن حاصل کی جاسکتی ہے۔ ڈیجیٹل سرٹیفائید پروفائل کی فیس بھی آن لائن ادا کی جاسکتی ہے۔
ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کے ڈیجیٹل سرٹیفیکیٹ اور اب ڈیجیٹل سرٹیفائیڈ پروفائلز کا اجراء ڈیجیٹل پاکستان کے ویژن کی جانب اہم قدم ہے۔ ڈیجیٹل سرٹیفائیڈ پروفائلز کے اجراء کے بعد، کمپنیوں کی تصدیق شدہ دستاویزات کی نقول کا دہائیوں پرانا نظام ختم ہو جائے گا۔
ڈیجیٹل سرٹیفائیڈ پروفائل کے لئے درخواست ایس ای سی پی کے ای سروسز پورٹل سے دی جاسکتی ہے۔ آن لائن درخواست کی موصول ہونے اور فیس کی ادائیگی کی تصدیق ہوتے ہی تقاضا کی گئی کمپنی کی پروفائل یا مارگیج رجسٹر کی تصدیق شدہ ڈیجیٹل دستاویزات درخواست گزار کے ای میل ایڈریس پر بھجوادی جائیں گی۔ یہ ڈیجیٹل دستاویزات کیو آر کوڈ اور دئے ویب لنک سے دستاویز کی تصدیق ہو سکے گی۔ ڈیجیٹل دستاویز کے اجراء کے 30 دن کے بعد تصدیق کے لئے فراہم کیا گیا کوڈ اور لنک کی مدت ختم ہو جائے گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005